قصیدہ بردہ شریف

مترجمہ



مطبوعہ تاج کمپنی لمیٹڈ کراچی

10/-

قصیدہ بُردہ شریف

از حضرت امام شرف الدین محمدؒ البوصیری رحمۃ اللہ علیہ
فارسی ترجمہ از حضرت ملّا عبدالرحمٰن جامی رحمۃ اللہ علیہ
اُردو ترجمہ از محمدؐ فیاض الدین نظامی بہزاد دکنؒ

ربیع الاول ۱۳۷۷ھ مطابق اکتوبر ۱۹۵۷ء

تاج کمپنی لمیٹڈ۔ کراچی

اپنے پیر   اپنے مرشد   اپنے گرو

امام المشائخ حضرت خواجہ حسن نظامی دہلویؒ کی

رُوحِ مُبارک کی نذر

محمدؐ فیاض الدین بہزاد دکن نظامی

پیش لفظ

از برادرم خواجہ حسن ثانی نظامی صاحب

انسان مٹی کا ایک پتلا اور خاک کا ایک تودہ ہے جس کو ازل کے دن گمنامی کے پردہ سے روح کی چنگاری نے جگایا۔ یہ چنگاری بھی نہیں معلوم کب تک کثافت کے ڈھیر میں چھپی رہتی اور انسان پر ظلمتوں کے پردے پڑے رہتے اگر ایک غیر معین نور سارے فضا کو روشن نہ کر دیتا اور کچھ ایسے لوگ نہ آتے جنہوں نے کثافتوں کو ہٹا کر ازلی شرارے کو شعلۂ جوالہ بنا دیا۔

حضور محمدؐ (ان پر ہماری روحیں فدا ہو جائیں) صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمارے دلوں کے چراغ جلائے اور ان میں ایسا سوز پیدا کیا جس کو ہم فخر کے ساتھ اپنے مالک کے قدموں میں پیش کر سکیں گے۔ جب ہم اپنے آقا اور اپنے پیشوا کے احسانات کا تصور کرتے ہیں تو جذبات کے جوش میں ہماری زبانیں گنگ ہو جاتی ہیں اور ہماری روحیں عقیدت کے گیت گاتی ہیں۔ کسی نے کہا تھا ؎

گرو گوبند دونوں کھڑے کا کے لاگوں پائے
بلی ہاری گرو آپنے جانے گوبند دیو بتائے

"میرے سامنے خدا اور گرو دونوں موجود ہیں۔ ان دونوں میں سے کس کے پاؤں پڑوں؟ مجھے تو اپنے گرو پر سے واری جانا چاہیئے جنہوں نے مجھے گوبند کا پتہ بتا دیا۔"

ہر مسلمان کو اپنے آقا محمدؐ سے محبت ہے لیکن برادر محترم فیاض الدین صاحب بہزاد دکن نظامی کا

شمار عاشقوں میں ہے۔ اُن کی روح اپنے مرشدِ اعظمؐ پر سے دیوانہ وار نثار ہونا چاہتی ہے۔ کیونکہ اُنہوں نے ہمیں اللہ کا پتہ بتایا تھا۔ اور کس انداز سے بتایا تھا اسے سب جانتے ہیں۔ اللہ سے محمدؐ کے برابر کسی نے محبت نہ کی ہوگی۔ اور کسی پیغمبر کی اُمت کو اپنے نبی سے ایسا عشق نہ ہوا ہوگا جیسا محمدؐ سے محمدؐ والوں کو ہے۔

بیشمار زبانوں کے نظم و نثر جمالِ محمدیؐ کے ممنونِ احسان ہیں جسکی بدولت ان کو ادبی دولتوں سے مالا مال کیا گیا۔ قصیدۂ بردہ شریف بھی انہی کی شانِ مقدس میں ہے جن کا خود خدا شیدا ہے یہ قصیدہ عوام و خواص میں بیحد مقبول ہے اور ایک بڑے بزرگ حضرت امام شرف الدین بوصیری رحمۃ اللہ کی تصنیف ہے۔ اسکی خوبی اور مقبولیت کا اندازہ اس سے کیا جاسکتا ہے کہ اسکے مصنف نے خواب میں حضورِ اقدس کو یہ قصیدہ سُنایا اور آنحضرت صلعم نے اُسے پسند فرمایا۔ "وہ اگر چاہیں تو پھر کیا چاہیئے"۔ قصیدۂ بردہ شریف عربی میں ہے۔ مُلّا جامی رحمۃ اللہ نے اسکا ترجمہ فارسی میں کیا تھا۔ اور اب اُنکے فارسی ترجمہ کے ساتھ بہزاد دکن نظامی کا اُردو ترجمہ شائع کیا جاتا ہے۔ بہزاد دکن نظامی کا سب سے بڑا تعارف تو یہ ہے کہ وہ عاشقِ رسول ہیں دوسرا تعارف یہ کہ اُن کا عشق حضرت موسیٰ کے زمانے کے چرواہے کا عشق نہیں ہے۔ وہ آرٹسٹ ہیں ہندوستان کے مایہ ناز آرکیٹکٹ اور ٹاؤن پلانر۔ جنکے جذبِ اندرون کی نمائش موئے قلم کی گردش سے مسلسل ہوتی رہتی ہے لیکن یہاں آکر یہ اندازہ ہوتا ہے کہ عاشق آرٹسٹ ہو یا چرواہا، جب وہ عشق کی وادی میں قدم رکھتا ہے تو قاعدے قانون کی کتاب بند ہو جاتی ہے۔ موئے قلم اپنی مرضی کا تابع نہیں رہتا اور چاک دامانی میں سب برابر ہو جاتے ہیں! اللہ تعالیٰ ہم سب کو بہزاد دکن کا سا عشق عطا فرمائے ✦ آمین

حسن ثانی نظامی

حجرۂ قدیم سلطان المشائخ حضرت خواجہ نظام الدین محبوبِ الٰہی رضی اللہ

نئی دہلی ۲۳ رجب ۱۳۶۵ھ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عرضِ مترجم

الحمدللہ کہ اللہ پاک نے میری ایک دیرینہ دلی تمنا کو پورا کیا اور اس مبارک قصیدہ کا منظوم ترجمہ مکمل ہوا۔ نہ میں شاعر ہوں نہ عربی زبان اور اردو زبان کا ماہر۔ البتہ سرکارِ دوعالم کی نعت کی والہانہ عقیدت اور اس قصیدہ کی محبت، اور بقول حضرت جامی علیہ الرحمۃ "غلام غلامانِ آلِ محمدؐ" کے طفیل یہ کام پایۂ تکمیل کو پہنچا۔ دورانِ ترجمہ میں نے متعدد فارسی اور اردو ترجموں سے استفادہ کیا ہے۔ مثلاً فارسی ترجمہ حضرت جامی علیہ الرحمۃ، اور اردو ترجمہ شمیمہ وردہ از مولوی محمدؐ اسداللہ حسین قادری حیدرآبادی، عطر الوردہ فی شرح البردہ از مولوی ذوالفقار علی صاحب دیوبندی، ترجمہ قصیدۂ بردہ از پیرزادہ مولوی محمد حسین خاں صاحب کشمیری، شرح قصیدہ بردہ از مولوی عبدالخالق خاں صاحب افغانی۔ جزاکم اللہ خیراً۔ میرے اردو ترجمے کے ساتھ عاشق رسول اکرمؐ حضرت مولانا عبدالرحمن جامی علیہ الرحمۃ کا ترجمہ بھی بطور تبرک شریک کردیا گیا ہے تاکہ وہ بھی جو آج کل مفقود ہوتا جارہا ہے فی زمانہ محفوظ ہوجائے۔ اور قارئین کو عربی کے ساتھ فارسی اور اردو دونوں زبانوں کا لطف اٹھانے کا موقع ملے۔

مجھے پہلی مرتبہ اس قصیدۂ شریف کو اپنے بچپن میں محترمی حبیب الکاف مرحوم و مغفور کی جماعت سے مولوی قاری نظام الدین صاحب کے پاس جو میرے رشتے کے دادا ہوتے تھے، سننے کا اتفاق ہوا تھا۔ حضرت حبیب الکاف مرحوم کے پڑھنے کا ایسا مؤثر اور خاص انداز تھا جیسے ایک عاشق رسولؐ ہی کا ہو سکتا ہے۔ چنانچہ اسی وقت سے مجھے اس مبارک قصیدے سے دلی محبت ہوگئی۔ اور الحمدللہ آج تک باقی ہے۔ آج کل ان کے چھوٹے

صاحبزادے مولوی حبیب جعفر صاحب بھی اپنی جماعت کے ساتھ بالکل اپنے والد ماجد ہی کے انداز میں پڑھتے ہیں۔ چنانچہ حیدرآباد دکن میں اُن کی جماعت نہایت مقبول ہے۔ علاوہ ہندوستان کے یہ قصیدہ تمام ممالک اسلامیہ میں بڑے احترام کی نظر سے دیکھا جاتا ہے اور اس کے پڑھنے اور حفظ کرنے کو باعثِ برکت تصور کیا جاتا ہے۔ چونکہ اس قصیدے کے بزرگ مصنّف حضرت امام ابوعبداللہ شرف الدین محمّد بن سعید بن حماد بن محسن البوصیری الدلاصی رحمۃ اللہ نے بڑی عقیدت اور محبت کے ساتھ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں گزرانا تھا اور شرفِ قبولیت حاصل کیا، اس لئے انشاء اللہ تعالیٰ قیامت تک یہ اسی احترام اور خلوص سے پڑھا اور سنا جائیگا، اور عاشقان رسُول اقدس اس سے اپنی روح کی تسکین حاصل کرتے رہیں گے۔

اِس قصیدہ کے مصنّف حضرت امام شرف الدّین محمد البوصیری رحمۃ اللہ علیہ ساتویں صدی ہجری (عہد مغلوی) کے ایک نہایت مشہور بلند پایہ عرب شاعر رہ چکے ہیں آپ بمقام ابوصیر (بوصیر) بتاریخ یکم شوال ۶۰۸ھ مطابق ۷ مارچ ۱۲۱۳ء میں پیدا ہوتے اور اسی نسبت سے آپ کو البوصیری کہا جاتا ہے۔ حضرت امام سیوطیؒ کی روایت کے مطابق آپ بمقام دِلاص پیدا ہوئے اور یہی وجہ الدلاصی بھی کہتے ہیں البوصیری اور الدلاصی کہلائے جانے کے متعلق ایک دوسری روایت یہ بھی ہے کہ آپ کے والدین میں سے ایک کا تعلق بوصیر سے اور دوسرے کا دلاص سے تھا۔ اسی وجہ سے آپ کو البوصیری اور الدلاصی دونوں سے منسوب کیا جاتا ہے۔ آپ کی زندگی کے واقعات تاریکی میں ہیں۔ اس سلسلہ میں بہت کم معلومات حاصل ہوسکیں۔ اگر آپ قصیدہ بردہ شریف کے مصنّف نہ ہوتے تو شاید بالکل گمنام ہوجاتے۔ بہرحال بیان کیا جاتا ہے کہ آپنے اوائل عمر کے تقریباً دس سال بیت المقدس میں گذارے اور پھر مدینہ منورہ میں سکونت اختیار کی۔ اس کے بعد تقریباً ۱۳ سال بحیثیت معلّم قرآن کریم مکّہ معظمہ میں بسر کئے۔ بعد ازاں سرکاری ملازمت کے سلسلہ میں بلبیس میں مقیم ہوتے اور بالآخر حاجی خلیفہ کی روایت کے مطابق ۶۹۴ھ میں اور امام سیوطیؒ کی روایت کے مطابق ۶۹۵ھ اور مقریزی اور ابن شاکر کی روایت کے مطابق ۶۹۶ھ میں بمقام اسکندریہ آپ نے وفات پائی اور

بمقام فسطاط حضرت امام شافعیؒ کے مزار کے قریب مدفون ہوئے۔

آپ فنِ خطاطی کے بڑے ماہر تھے، کتابوں کی نقل کرکے اپنی روزی پیدا کیا کرتے تھے۔ شعروادب میں بلند مرتبہ حاصل کیا۔ اور مشہور صوفیٔ وقت ابو العباس احمد المرسی رحمۃ اللہ علیہ کے مرید ہوئے اور ان کے درس میں شریک ہوا کرتے تھے۔ فن حدیث میں کافی عبور تھا اور زبردست ماہر سمجھے جاتے تھے۔ آپ نے کئی قصائد اور نظمیں لکھیں۔ ان سب میں قصیدہ ہمزہ کے علاوہ زیادہ مشہور اور مقبول قصیدہ

اَلْكَوَاكِبُ الدُّرِّيَّةُ فِيْ مَدْحِ خَيْرِ الْبَرِيَّةِ

ہے جو قصیدہ بردہ شریف کے نام گرامی سے موسوم و مشہور ہے۔ جس کی متعدد شرحیں عربی، فارسی، اُردو، لاطینی اور فرانسیسی زبانوں میں لکھی جا چکی ہیں۔ جس کا لاطینی ترجمہ

Carmen Mysticum Borda Dictum.

ڈاکٹر محمد راحت اللہ خاں مرحوم مہتمم کتب خانہ اسٹیٹ لائبریری نے ازراہ مہربانی مجھے دکھایا تھا۔ یہ قصیدہ نہ صرف ہندوستان بلکہ عرب ممالک میں بھی بہت مشہور ہے۔ اس قصیدہ کو میں نے ۱۹۵۶ء میں مسجدِ نبوی کی چھت کے گنبدوں میں نہایت خوشخط لکھا ہوا دیکھا ہے۔ اس سے اس قصیدہ کی مقبولیت کا اندازہ ہو سکتا ہے۔ یہ قصیدہ اپنی ادبی لطافتوں اور نزاکتوں اور سلاست و روانی کے قطع نظر خاص خصوصیات اور بڑے ہی فیوض و برکات کا حامل ہے اور جن حالات میں یہ قصیدہ شریف لکھا گیا اس کی وجہ سے اس کو بہت بڑی اہمیت حاصل ہے۔

اس قصیدے کی وجہ تصنیف کے متعلق خود حضرت امام بوصیریؒ فرماتے ہیں کہ مجھ پر فالج کا شدید حملہ ہوا۔ میرا نصف جسم بالکل بے حس و حرکت ہو گیا تھا۔ بہتیرا علاج کروایا لیکن کسی علاج سے بھی کوئی فائدہ نہ ہوا انتہائی مایوسی کی حالت میں مَیں نے ارادہ کیا کہ نبی کریم صلعم کی مدح میں ایک قصیدہ لکھوں اور اس کے توسط سے بارگاہِ ربّ العزت میں صحت کے لئے دعا کروں۔ اللہ جل شانہٗ نے میرے اس ارادے کو پورا فرمایا اور میری

دعا قبول فرمائی۔ چنانچہ میں نے قصیدہ لکھنا شروع کیا۔ قصیدے کے ختم پر مجھے نیند آگئی۔ خواب میں دیکھتا ہوں کہ نبی کریم صلعم تشریف فرما ہیں۔ آپ نے اپنے دستِ مبارک کو میرے جسم پر پھیرا اور میری چادر اس پر ڈال دی۔ معاً مجھے صحت ہوگئی۔ میں نیند سے چونکا اور اپنے آپ کو کھڑے ہونے اور حرکت کرنے کے قابل پایا۔ صبح جب میں باہر نکلا تو میری ایک درویش سے ملاقات ہوئی جو میرے لئے اجنبی تھا۔ اور اُس نے مجھ سے وہ قصیدہ سنانے کی خواہش کی جس میں میں نے نبی کریم صلعم کی مدح کی ہے۔ حالانکہ میرے اس قصیدہ کا ابھی کسی کو علم نہیں ہوا تھا۔ میں نے اس بزرگ درویش سے دریافت کیا کون سا مدحیہ قصیدہ سننا چاہتے ہو۔ کہنے لگا وہ قصیدہ جس کی ابتدا اَمِنْ تَذَکُّرِ جِیْرَانٍ بِذِیْ سَلَمٖ سے ہوتی ہے۔ پھر وہ کہنے لگا بخدا کل شب میں نے تمہیں اس قصیدے کو رسول انور صلی اللہ علیہ وسلم کے دربار میں پڑھتے سنا ہے۔ میں نے یہ قصیدہ اس کے حوالے کردیا۔ لوگوں میں اس واقعہ کا بڑا چرچا ہوا۔ حتیٰ کہ وزیرِ وقت الصاحب بہار الدین کو بھی اس کی اطلاع ملی۔ وہ اس واقعہ سے اس قدر متاثر ہوا کہ اس نے اس قصیدے کو نقل کروایا اور یہ عہد کیا کہ وہ ہمیشہ اس قصیدہ کو اسی حالت میں سنے گا کہ وہ کھڑا ہوا ہو، پیر برہنہ ہو اور سر ڈھکا ہوا ہو۔ چنانچہ وہ اس قصیدہ کو اسی حالت میں بکثرت سنا کرتا تھا۔ وہ اور اس کا خاندان ہمیشہ اس قصیدہ کی بدولت دینی اور دنیوی فیوض و برکات سے مستفید ہوتے رہے۔

۱۹۶۰ء میں دوسری مرتبہ جب کہ میں حرمین الشریفین میں حج و زیارت کی غرض سے حاضر ہوا تھا تو الحمدللہ مجھے بھی اپنے اردو ترجمے کو بارگاہِ نبوی میں شروع سے آخر تک گزراننے کی سعادت نصیب ہوئی۔ خدا کرے کہ میرے اس ترجمے کو سرکار کے دربار سے شرفِ قبولیت عطا ہو اور یہ بھی عربی اور فارسی کی طرح برکتوں کا حامل ہوجائے۔ آمین

مجھے یقین ہے کہ اس اردو ترجمے کو پڑھنے والے بھی انشاء اللہ فیوض و برکات سے بہرہ ور ہوں گے۔ مصنفِ قصیدہِ بردہ کے حالات جمع کرنے کے سلسلے میں میرے مرحوم دوست ڈاکٹر محمد راحت اللہ خاں

سابق مہتمم کتب خانۂ آصفیہ حیدرآباد دکن نے میری مدد فرمائی تھی۔ اللہ پاک انہیں جنت نصیب کرے۔ محترمہ محمدی بیگم صاحبہ (بیگم جمیل حسین مرحوم) کا بھی ممنون ہوں کہ انہوں نے ازراہِ مہربانی ترجمے کی تصحیح فرمائی۔ میرے مخلص دوست پروفیسر خواجہ حمید الدین صاحب شاہد نے فارسی ترجمے کا اصل کتاب سے مقابلہ اور تصحیح کرنے میں بڑی زحمت اٹھائی۔ نیز کتابت اور عکسی بلاکوں کے پروفوں کی اصلاح کر کے اِسے طباعت کے قابل بنایا۔ میں ان کا خلوصِ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں۔

محمد فیاض الدین نظامی

الحمراء۔ بنجارہ ہل، حیدرآباد دکن
ربیع الاوّل ۱۳۷۷ھ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قصیدۂ بردہ شریف

بدو منظوم تراجم (اُردو فارسی)

فارسی ترجمہ	اُردو ترجمہ
از مولانا عبدالرحمٰن جامیؒ	از محمد فیاض الدین نظامی

۱

أَمِنْ تَذَكُّرِ جِيرَانٍ بِذِي سَلَمٍ
مَزَجْتَ دَمْعًا جَرَىٰ مِنْ مُقْلَةٍ بِدَمِ

کیا تمہیں یاد آ گئے ہمسایگانِ ذی سلم
خون کے آنسو جو آنکھوں سے رواں ہیں دمبدم

اے زیادِ صحبت یارانت اندر ذی سلم
اشکِ چشم آمیختی با خوں رواں گشتہ بہم

۲

أَمْ هَبَّتِ الرِّيحُ مِنْ تِلْقَاءِ كَاظِمَةٍ
أَوْ أَوْمَضَ الْبَرْقُ فِي الظَّلْمَاءِ مِنْ إِضَمِ

یا صبا لائی ہے سمتِ کاظمہ سے اک پیام
یا ہوا بجلی سے روشن رات میں کوہ اضم

یا مگر از کاظمہ بادے وزید از کوئے دوست
یا مگر در نیم شب برقے جہید از اضم

۳

فَمَا لِعَيْنَيْكَ إِنْ قُلْتَ اكْفُفَا هَمَتَا

وَمَا لِقَلْبِكَ إِنْ قُلْتَ اسْتَفِقْ يَهِمِ

کیا ہوا آنکھوں کو تیری رو رہی ہیں زار زار — کیا ہوا دل کو ترے کیوں اس قدر کھاتا ہے غم

چیست چشمت را چہ گوئی خشک شو گریاں شود — چیست دل گوئی بہوش آ شیفتہ گردد زِ غم

۴

أَيَحْسَبُ الصَّبُّ أَنَّ الْحُبَّ مُنْكَتِمٌ

مَا بَيْنَ مُنْسَجِمٍ مِّنْهُ وَمُضْطَرِمِ

ہے عبث تیرا گماں چھپتا نہیں ہے رازِ عشق — اسکو افشا کر رہے ہیں سوزِ دل اور چشم نم

اے تو پنداری کہ عشقِ عاشقاں پنہاں شود — با وجود آتشِ دل سوز و آبِ چشمِ نم

۵

لَوْلَا الْهَوٰى لَمْ تُرِقْ دَمْعًا عَلٰى طَلَلٍ

وَلَا أَرِقْتَ لِذِكْرِ الْبَانِ وَالْعَلَمِ

یوں نہ ویرانوں پہ روتا گر نہ ہوتا سوزِ عشق — مضطرب کرتے نہ تجھ کو قصۂ بان و عَلَم

گر نہ بودے عشق اشکت بر طلل کے ریختی — کے بدی بے خواب چشمت از غمِ بان و عَلَم

۶

فَكَيْفَ تُنْكِرُ حُبًّا بَعْدَ مَا شَهِدَتْ

بِهٖ عَلَيْكَ عُدُوْلُ الدَّمْعِ وَالسَّقَمِ

عِشق سے انکار کرنا تیرا ممکن ہی نہیں — ہیں گواہِ معتبر صورت تری اور چشمِ نم

چوں کنی انکارِ عشقش چوں گواہی میدہند — بر تو اشکِ چشم دیگر زردئ روئے سقم

٧

وَاَثْبَتَ الْوَجْدُ خَطَّيْ عَبْرَةٍ وَّضَنًى
مِّثْلَ الْبَهَارِ عَلٰى خَدَّيْكَ وَالْعَنَمِ

خطِ اشک اور لاغری نے عشق ثابت کر دیا / زرد گل کی طرح رخساروں پہ مانندِ عنم
عشق ثابت کرد بر رُو خطِ اشک و لاغری / چوں بہارِ روئے یار و سُرخی شاخِ عنم

٨

نَعَمْ سَرٰى طَيْفُ مَنْ اَهْوٰى فَاَرَّقَنِيْ
وَالْحُبُّ يَعْتَرِضُ اللَّذَّاتِ بِالْاَلَمِ

ہاں خیالِ یار نے مجھ کو جگایا رات بھر / لذتوں کو کر دیا ہے عشق نے رنج و الم
چوں خیالِ دلبرم آمد مرا بے خواب کرد / عشق آرد در میانِ خرمی رنج و الم

٩

يَا لَائِمِيْ فِي الْهَوَى الْعُذْرِيِّ مَعْذِرَةً
مِّنِّيْ اِلَيْكَ وَلَوْ اَنْصَفْتَ لَمْ تَلُمِ

ناصحا تو عشق میں کر معذرت میری قبول / ہے اگر انصاف تجھ میں کر نہ مجھ پر یہ ستم
اے کہ در عشقم ملامت می کنی معذور دار / گر ترا انصاف باشد عذر آری از کرم

١٠

عَدَتْكَ حَالِيْ وَلَا سِرِّيْ بِمُسْتَتِرٍ
عَنِ الْوُشَاةِ وَلَا دَائِيْ بِمُنْحَسِمِ

اب تو واقف ہو چکے اغیار بھی تیرے سوا / درد میرا ہو نہیں سکتا کسی صورت سے کم
حالِ من وز تو گذشتہ سرِ من از دشمناں / نیست پنہاں دردِ من زائل نگشتہ از دلم

۱۱

مَحَّضْتَنِي النُّصْحَ لَكِنْ لَسْتُ أَسْمَعُهُ

إِنَّ الْمُحِبَّ عَنِ الْعُذَّالِ فِي صَمَمِ

تھی نصیحت خوب لیکن اسکو سنتا کس طرح — ناصحا عاشق کے حق میں ہے سماعت کالعدم

تو نصیحت می کُنی نیکو و من می نشنوم — عاشقاں باشند دائم از ملامت در صمم

۱۲

إِنِّي اتَّهَمْتُ نَصِيحَ الشَّيْبِ فِي عَذَلِي

وَالشَّيْبُ أَبْعَدُ فِي نُصْحٍ عَنِ التُّهَمِ

کی ضعیفی نے نصیحت میں نے جھٹلایا اُسے — گو نصیحت میں بڑھاپا ہے مبرّا از تہم

شیب پندم داد و من بُردم گمانِ بد برو — ور چہ شیب اندر نصیحت دُور باشد از تہم

۱۳

فَإِنَّ أَمَّارَتِي بِالسُّوءِ مَا اتَّعَظَتْ

مِنْ جَهْلِهَا بِنَذِيرِ الشَّيْبِ وَالْهَرَمِ

نفسِ امّارہ نے لیکن جہل سے مانا نہیں — گرچہ پیری کی نصیحت تھی نہایت محترم

نفس فرماں دہ بہ بدہا میکند و نیم خراب — وز جہالت پند نپذیرد ز پیری و ہرم

۱۴

وَلَا أَعَدَّتْ مِنَ الْفِعْلِ الْجَمِيلِ قِرَى

ضَيْفٍ أَلَمَّ بِرَأْسِي غَيْرَ مُحْتَشِمِ

اسکی مہمانی نہ کی کچھ میں نے کارِ خیر سے — آئی جب مہمان پیری سر پہ میرے ایک دم

ہم نکرد او کارِ نیکو بہر مہمانی او — بر سرم آمد فرود از من نگشتہ محتشم

۱۵

لَوْ كُنْتُ أَعْلَمُ أَنِّيْ مَا أُوَقِّرُهُ
كَتَمْتُ سِرًّا بَدَا لِيْ مِنْهُ بِالْكَتَمِ

کاش میں پہچانتا توقیر اس مہمان کی — پس چھپا لیتا سفیدی سر کی از رنگِ کتم
گر بدانستم کہ مہماں را نمیدارم عزیز — کردمے تغییر اسفیدیِ مویم از کتم

۱۶

مَنْ لِّيْ بِرَدِّ جِمَاحٍ مِّنْ غَوَايَتِهَا
كَمَا يُرَدُّ جِمَاحُ الْخَيْلِ بِاللُّجُمِ

کون ہے جو نفسِ سرکش کو مرے یوں پھیر دے — رکتے ہیں جیسے گھوڑوں کی لگاموں سے بہم
نفسِ سرکش را زِ بے راہی کہ می آرد براہ — چوں لگامے اسپِ سرکش آورد از راہ ہم

۱۷

فَلَا تَرُمْ بِالْمَعَاصِيْ كَسْرَ شَهْوَتِهَا
إِنَّ الطَّعَامَ يُقَوِّيْ شَهْوَةَ النَّهِمِ

نفس کی خواہش گناہوں سے نہیں ہوتی ہے دور — جس طرح جوع البقر میں پُر نہیں ہوتا شکم
پس مجو بر فعلِ عصیاں کسرِ شہوتہائے نفس — زانکہ قوّت میدہد شہوت طعام اندر شکم

۱۸

وَالنَّفْسُ كَالطِّفْلِ إِنْ تُهْمِلْهُ شَبَّ عَلٰى
حُبِّ الرَّضَاعِ وَإِنْ تَفْطِمْهُ يَنْفَطِمِ

نفس کی ہیں عادتیں مانندِ طفلِ شیر خوار — دودھ پیتا جائے گا جب تک چھڑا دینگے نہ ہم
نفس چوں طفل ست گر شیرش دہی دائم خورد — ورنہ شیرش باز داری او نہ خواہد ہیچ دم

١٩

فَاصْرِفْ هَوَاهَا وَحَاذِرْ اَنْ تُوَلِّيَهُ

اِنَّ الْهَوٰى مَا تَوَلّٰى يُصْمِ اَوْ يَصِمِ

خواہشوں کو روک ہر گز نفس کا تابع نہ ہو — ختم کردے یا نہ تجھکو عیب والا کم سے کم

باز گیرش از ہوا بر خود ہوا حاکم مکن — چوں ہوا حاکم شود دینت بشد یا گشت کم

٢٠

وَرَاعِهَا وَهِيَ فِي الْاَعْمَالِ سَائِمَةٌ

وَاِنْ هِيَ اسْتَحْلَتِ الْمَرْعٰى فَلَا تُسِمِ

باز رکھ حسنِ عمل کو لذتِ تشہیر سے — اس چراگاہِ ہوس سے دور رکھ اپنا قدم

نفس را مقہور کن چوں در عمل جولاں کنی — ور بچیزے انس گیرد باز دارش از ستم

٢١

كَمْ حَسَّنَتْ لَذَّةً لِلْمَرْءِ قَاتِلَةً

مِّنْ حَيْثُ لَمْ يَدْرِ اَنَّ السَّمَّ فِي الدَّسَمِ

لذتیں چکنی غذا کی زہرِ قاتل تھیں مگر — کھانے والے نے نہ جانا اسمیں پوشیدہ ہے سم

لذتے کاں با مضرت باشد آراید بخلق — آنچناں کو در نیابد ایں کہ زہر اندر دسم

٢٢

وَاخْشَ الدَّسَائِسَ مِنْ جُوْعٍ وَّمِنْ شِبَعٍ

فَرُبَّ مَخْمَصَةٍ شَرٌّ مِّنَ التُّخَمِ

مکر سے کر خوف انکے شکم سیری ہو کہ بھوک — آفتیں خالی شکم کی کچھ نہیں سیری سے کم

تو بترس از حیلہ ہائے نفس چوں جوع و شبع — گاہ باشد گشنگی بدتر ز سیری و تخم

۲۳

وَاسْتَفْرِغِ الدَّمْعَ مِنْ عَيْنٍ قَدِ امْتَلَأَتْ

مِنَ الْمَحَارِمِ وَالْزَمْ حِمْيَةَ النَّدَمِ

ان گناہوں میں جو آنکھوں میں بسے ہیں دور کر ‏ منفعل ہو کر بہا اشکِ ندامت دمبدم

پس ببار از دیدگاں اشکت کہ چشمت پر شد ‏ از محارم پس ملازم شو بدرگاہ ندم

۲۴

وَخَالِفِ النَّفْسَ وَالشَّيْطَانَ وَاعْصِهِمَا

وَإِنْ هُمَا مَحَضَاكَ النُّصْحَ فَاتَّهِمِ

نفس و شیطاں کا مخالف بن نہ مان ان کا کہا ‏ انکی سچی بھی نصیحت جھوٹ ہے کیا کچھ ہے کم

برخلافِ نفس و شیطان باش فرمانش مبر ‏ ور نصیحت میکنندت قولِ شاں و ان متہم

۲۵

وَلَا تُطِعْ مِنْهُمَا خَصْمًا وَّلَا حَكَمًا

فَأَنْتَ تَعْرِفُ كَيْدَ الْخَصْمِ وَالْحَكَمِ

تو نہ کر اُن کی اطاعت ہوں یہ حاکم یا عدو ‏ جانتا ہے خوب تو مکرِ عدو و مکرِ حکم

ترک کن فرمانِ ایشاں خصم باشند یا حکم ‏ زانکہ میدانی تو مکرِ خصم و ہم مکرِ حکم

۲۶

أَسْتَغْفِرُ اللهَ مِنْ قَوْلٍ بِلَا عَمَلٍ

لَقَدْ نَسَبْتُ بِهِ نَسْلًا لِذِي عُقُمِ

توبہ کرتا ہوں میں قولِ بے عمل کے واسطے ‏ بانجھ عورت سے امید اولاد کی رکھتے ہیں ہم

می کنم استغفر اللہ از کلامِ بے عمل ‏ بچہ میخواہم اناں زن کو بود صاحب عقم

٢٧

أَمَرْتُكَ الْخَيْرَ لٰكِنْ مَا ائْتَمَرْتُ بِهٖ

وَمَا اسْتَقَمْتُ فَمَا قَوْلِيْ لَكَ اسْتَقِمِ

کی نصیحت دوسروں کو اور رہیں خود بے عمل — ہو نصیحت کا اثر کیا بے عمل جب خود ہی ہیں ہم

امر کردم من بخیرت خود نکردم ہیچ چیز — راستی در دیں نکردم پس چہ سود از گفتنم

٢٨

وَلَا تَزَوَّدْتُ قَبْلَ الْمَوْتِ نَافِلَةً

وَلَمْ أُصَلِّ سِوٰى فَرْضٍ وَّلَمْ أَصُمِ

اِک نفل کا بھی نہیں ہے زادِ راہ آخرت — جز نمازِ فرض و روزہ کچھ نہیں رکھتے ہیں ہم

توشہ ہرگز نہ کردم بہر زاد آخرت — وز نماز و روزہ جز فرضی نیامد در تنم

٢٩

ظَلَمْتُ سُنَّةَ مَنْ أَحْيَى الظَّلَامَ إِلٰى

أَنِ اشْتَكَتْ قَدَمَاهُ الضُّرَّ مِنْ وَّرَمِ

اس نبیؐ کی پاک سنت پر کیا میں نے ستم — تھا قیامِ شب سے جن کے پائے نازک پر ورم

من ستم کردم بسے بر سنّتِ خیر الرسل — آنکہ از احیائے شبہا پائے وے کردے ورم

٣٠

وَشَدَّ مِنْ سَغَبٍ أَحْشَاءَهٗ وَطَوٰى

تَحْتَ الْحِجَارَةِ كَشْحًا مُّتْرَفَ الْأَدَمِ

بھوک کی شدت کے باعث اور فاقوں کے سبب — آپ نے پتھر سے باندھا ناز پروردہ شکم

سنگ بستے بر شکم آں نازنیں از گشنگی — صرف کردے در رہِ حق جملہ دینار و درم

٣١

وَرَاوَدَتْهُ الْجِبَالُ الشُّمُّ مِنْ ذَهَبٍ

عَنْ نَفْسِهِ فَأَرَاهَا أَيَّمَا شَمَمِ

بن کے سونے کے پہاڑ آئے کہ مائل ہوں حضور — کچھ توجہ تک نہ کی، تھے آپ وہ عالی ہمم

کوہ از زر کرد خود را عرض تا گردد قبول — روئے گردانید از آں زر مصطفٰے خیر الشیم

٣٢

وَأَكَّدَتْ زُهْدَهُ فِيهَا ضَرُورَتُهُ

إِنَّ الضَّرُورَةَ لَا تَعْدُو عَلَى الْعِصَمِ

ایسی حاجت پر بھی تقویٰ کو کیا مضبوط تر — سچ ہے حاجت غالب آسکتی نہیں اوپر عصم

باضرورتہا کہ بودش میل بر دنیا نکرد — از ضرورت خستہ نبود آنکہ دور است از حرم

٣٣

وَكَيْفَ تَدْعُو إِلَى الدُّنْيَا ضَرُورَةُ مَنْ

لَوْلَاهُ لَمْ تَخْرُجِ الدُّنْيَا مِنَ الْعَدَمِ

کیا کرے مائل ضرورت انکو دنیا کی طرف — گر نہ ہوتے آپ تو دنیا بھی ہوتی کالعدم

چوں تواند خواند بر دنیا ضرورت زانکہ گر — نامدے دنیا گہے بیروں نگشتے از عدم

٣٤

مُحَمَّدٌ سَيِّدُ الْكَوْنَيْنِ وَالثَّقَلَيْنِ

وَالْفَرِيقَيْنِ مِنْ عُرْبٍ وَمِنْ عَجَمِ

یا محمد دو جہاں کے آپ ہی سردار ہیں — شاہِ جن و انس بھی اور مہترِ عرب و عجم

آں محمد سیدِ کونین فخرِ انس و جاں — بہترِ اہلِ دو عالم مہترِ عرب و عجم

٣٥

نَبِيُّنَا الْاٰمِرُ النَّاهِيْ فَلَا اَحَدٌ
اَبَرَّ فِيْ قَوْلِ لَا مِنْهُ وَلَا نَعَمِ

آمر و ناہی پیمبر ہیں نہیں اُن کا جواب ہیں نہایت صاف گو وہ قول لا ہو یا نعم
آمر و ناہی پیمبر آں رسولِ راست گو راست گو تر زو نہ بُد در قولِ لاؔ و در نعم

٣٦

هُوَ الْحَبِيْبُ الَّذِيْ تُرْجٰى شَفَاعَتُهٗ
لِكُلِّ هَوْلٍ مِّنَ الْاَهْوَالِ مُقْتَحِمِ

وہ حبیب ایسے ہیں جن سے ہے شفاعت کی امید وقت ہول و خوف میں پیش آئینگے جب رنج و غم
آں حبیبے کو بود اُمید گاہِ مرد ماں در شفاعت نزد سختیہائے پیچیدہ بہم

٣٧

دَعَا اِلَى اللّٰهِ فَالْمُسْتَمْسِكُوْنَ بِهٖ
مُسْتَمْسِكُوْنَ بِحَبْلٍ غَيْرِ مُنْفَصِمِ

دعوتِ حق آپ نے دی اور کیا جس نے قبول ایسی رسّی اُس نے پکڑی جو نہ ہو گی منفصم
مر ورا خواند نے بحق و ہر کہ در وے دست زد دست زد در حبلِ محکم کاں بریدہ نشدم

٣٨

فَاقَ النَّبِيِّيْنَ فِيْ خَلْقٍ وَّفِيْ خُلُقٍ
وَّلَمْ يُدَانُوْهُ فِيْ عِلْمٍ وَّلَا كَرَمِ

سب سے اعلیٰ مرتبہ ہے خَلق میں اور خُلق میں انبیا میں سب سے اکمل آپ کا علم و کرم
بہترِ پیغمبراں در خَلق و در خُلق آمدہ کس چو او نامد نہ در علم و نہ در وصفِ کرم

۳۹

وَكُلُّهُمْ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ مُلْتَمِسٌ
غَرْفًا مِّنَ الْبَحْرِ اَوْ رَشْفًا مِّنَ الدِّيَمِ

انبیاء سب ملتمس ہیں تاکہ مل جائے انہیں ایک چلو بحر سے یا قطرہ از ابرِ کرم
ملتمس از وے ہمہ از انبیاء واز رسل یک کف از دریائے علم و شربتے ز ابرِ کرم

۴۰

وَوَاقِفُوْنَ لَدَيْهِ عِنْدَ حَدِّهِمِ
مِنْ نُقْطَةِ الْعِلْمِ اَوْ مِنْ شَكْلَةِ الْحِكَمِ

اپنے حدِّ مرتبہ پر سب کھڑے ہیں روبرو جیسے نقطہ حرف میں اعراب لفظوں میں بہم
نزدِ او استادہ جملہ ہر کسے در حدِ خویش نقطۂ از علم دارد یا نصیبے از حِکم

۴۱

فَهُوَ الَّذِىْ تَمَّ مَعْنَاهُ وَصُوْرَتُهٗ
ثُمَّ اصْطَفَاهُ حَبِيْبًا بَارِئُ النَّسَمِ

صورت و سیرت میں ہیں سرکارِ عالی مرتبت اسلئے اُن کو کیا حق نے حبیبِ محترم
از خلائق او بود در صورت و معنی تمام برگزیدش در محبت خالق روح و نسم

۴۲

مُنَزَّهٌ عَنْ شَرِيْكٍ فِىْ مَحَاسِنِهٖ
فَجَوْهَرُ الْحُسْنِ فِيْهِ غَيْرُ مُنْقَسِمِ

کوئی عالم میں نہیں اُن کا محاسن میں شریک حُسن میں جوہر ہے اُس کا فرد کل لاینقسم
او منزہ از شریک اندر محاسن آمدہ جوہرِ حسنِ محمدؐ پارہ نامد در قسم

۴۳

دَعْ مَا ادَّعَتْهُ النَّصَارٰى فِيْ نَبِيِّهِمِ
وَاحْكُمْ بِمَا شِئْتَ مَدْحًا فِيْهِ وَاحْتَكِمِ

جو نصاریٰ نے کہا عیسیٰ کے حق میں تو نہ کہہ — اور جو ممکن ہو کر مدحِ نبیِ محترم
آنچہ ترسایاں بگفتند در حقِ عیسیٰ مگو — پس بگو در حقِ سیّد آنچہ خواہی از حکم

۴۴

وَانْسُبْ اِلٰى ذَاتِهٖ مَا شِئْتَ مِنْ شَرَفٍ
وَانْسُبْ اِلٰى قَدْرِهٖ مَا شِئْتَ مِنْ عِظَمِ

جو شرف ہو ذاتِ اقدس کی طرف منسوب کر — جتنی عظمت چاہیئے کر شانِ والا میں رقم
نسبت اندر ذاتِ او کن ہر چہ خواہی از شرف — نسبت اندر قدرِ او کن ہر چہ خواہی از عظم

۴۵

فَاِنَّ فَضْلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ لَيْسَ لَهٗ
حَدٌّ فَيُعْرِبَ عَنْهُ نَاطِقٌ بِفَمِ

حد نہیں ہے کوئی حضرت کے کمال و فضل کی — ہو بیاں کس منہ سے توصیفِ شہِ خیر الامم
فضل و جاہِ مصطفیٰ حدّے ندارد در کمال — تا تواند کرد شخصے روشن آں را بیش و کم

۴۶

لَوْ نَاسَبَتْ قَدْرَهٗ اٰيَاتُهٗ عِظَمًا
اَحْيَى اسْمُهٗ حِيْنَ يُدْعٰى دَارِسَ الرِّمَمِ

ان کی عظمت کے مساوی معجزے ہوتے اگر — نام انکا زندہ کرتے استخواں ہائے رمم
در خورِ قدرِ بزرگش گر نمودے معجزست — یاد نامش زندہ کردے استخواں ہائے رمم

٤٧

لَمْ يَمْتَحِنَّا بِمَا تَعْيَى الْعُقُوْلُ بِهٖ

حِرْصًا عَلَيْنَا فَلَمْ نَرْتَبْ وَلَمْ نَهِمِ

باز رکھا امتحاں سے جس سے عاجز فہم ہو — مہربانی کی نہ بچتے یوں شک و حیرت سے ہم

آنچہ او فرمود عقل از فہم آں عاجز نہ شد — بر صلاحِ ما حریص ست بے گماں و بے نہم

٤٨

أَعْيَى الْوَرٰى فَهْمُ مَعْنَاهُ فَلَيْسَ يُرٰى

لِلْقُرْبِ وَالْبُعْدِ فِيْهِ غَيْرُ مُنْفَحِمِ

سرِّ باطن کی حقیقت نے کیا خلقت کو دنگ — دور سے نزدیک سے ہر طرح ہے مجبور فہم

عاقلاں از فہم معنیِ محمد عاجز اند — اہلِ عالم جملہ در وصفش کشیدستند دم

٤٩

كَالشَّمْسِ تَظْهَرُ لِلْعَيْنَيْنِ مِنْ بُعُدٍ

صَغِيْرَةً وَّتُكِلُّ الطَّرْفَ مِنْ اَمَمِ

وہ ہیں مثلِ شمس جو ظاہر ہو چھوٹا دور سے — اور آنکھیں قرب سے ہوتی ہیں خیرہ ایک دم

مثلِ خورشید ست حالش کو بود کوچک ز دور — در برابر چشمہائے مردم اندازد بہم

٥٠

وَكَيْفَ يُدْرِكُ فِي الدُّنْيَا حَقِيْقَتَهٗ

قَوْمٌ نِيَامٌ تَسَلَّوْا عَنْهُ بِالْحُلُمِ

اہلِ دنیا کس طرح ان کی حقیقت پا سکیں — خوابِ غفلت میں ہیں گویا قوم خوابیدہ ہیں ہم

چوں بدانندش حقیقت اہلِ عالم چوں بود — مستِ خواب و دیدنش در خواب دانند مغتنم

۵۱

فَمَبْلَغُ الْعِلْمِ فِيْهِ اَنَّهُ بَشَرٌ
وَاَنَّهُ خَيْرُ خَلْقِ اللّٰهِ كُلِّهِمِ

انتہائے علم کہتی ہے وہ ہیں خیر البشر — جملہ مخلوقات میں رکھتے ہیں وہ شانِ اتم
مبلغ معلومِ مردم آں کہ سید آدمی ست — بہترینِ مردمان باشد رسولِ محتشم

۵۲

وَكُلُّ اٰيٍ اَتَى الرُّسُلُ الْكِرَامُ بِهَا
فَاِنَّمَا اتَّصَلَتْ مِنْ نُّوْرِهٖ بِهِمِ

جو رسولانِ جلیل القدر کے تھے معجزے — آپ ہی کے نور سے پایا تھا سب نے یہ کرم
ہرچہ آوردند مجموعِ رسل از معجزات — آں ز نورِ مصطفےٰ آمد بایشاں لاجرم

۵۳

فَاِنَّهُ شَمْسُ فَضْلٍ هُمْ كَوَاكِبُهَا
يُظْهِرْنَ اَنْوَارَهَا لِلنَّاسِ فِي الظُّلَمِ

آفتابِ فضل ہیں وہ اور ستارے سب رسل — کرتے ہیں ظلمت میں ظاہر سب یہ انوارِ کرم
او بود خورشید فضل و دیگراں سیارگاں — روشنی سیارگان ظاہر کنند اندر ظلم

۵۴

حَتّٰى اِذَا طَلَعَتْ فِي الْكَوْنِ عَمَّ هُدَا
هَا الْعَالَمِيْنَ وَاَحْيَتْ سَائِرَ الْاُمَمِ

ہو گیا خورشید طالع اور ہوا روشن جہاں — آپ کے نورِ ہدایت سے ہوئیں زندہ اُمم
پیشوائے خلق عالم شد چو آمد در وجود — چوں عدم پوشیدہ شد از نورِ او جملہ اُمم

۵۵

أَكْرِمْ بِخَلْقِ نَبِيٍّ زَانَهُ خُلُقٌ
بِالْحُسْنِ مُشْتَمِلٍ بِالْبِشْرِ مُتَّسِمِ

کیا عظیم الخلق ہے صورت مزین خُلق سے ۔۔۔ حُسنِ صورت مشتمل ہے خندہ روئی سے بہم
خَلقِ پیغمبر نکو بر خُلقِ خوش آراستہ ۔۔۔ مشتمل بر حسن باشد بر بشارت متسم

۵۶

كَالزَّهْرِ فِي تَرَفٍ وَالْبَدْرِ فِي شَرَفٍ
وَالْبَحْرِ فِي كَرَمٍ وَالدَّهْرِ فِي هِمَمِ

تازگی میں ہیں وہ غنچہ اور شرف میں مثلِ بدر ۔۔۔ دہر ہیں ہمت میں اور بخشش میں دریائے کرم
چوں بہار از تازگی بد ہمچو بدر اندر شرف ۔۔۔ ہمچو دریا در کرم چوں روزگار اندر ہمم

۵۷

كَأَنَّهُ وَهُوَ فَرْدٌ فِي جَلَالَتِهِ
فِي عَسْكَرٍ حِينَ تَلْقَاهُ وَفِي حَشَمِ

ہیں جلال و رعب میں سرکارِ عالی بے نظیر ۔۔۔ جیسے گرد و پیش رکھتا ہے کوئی فوج و حشم
گر کسے دیدیش تنہا خود ہمی پنداشتے ۔۔۔ کز بزرگی اوست اندر لشکر و خیل و حشم

۵۸

كَأَنَّمَا اللُّؤْلُؤُ الْمَكْنُونُ فِي صَدَفٍ
مِنْ مَّعْدِنَيْ مَنْطِقٍ مِّنْهُ وَمُبْتَسَمِ

ہیں وہ دندانِ مبارک مثلِ موتی سیپ میں ۔۔۔ معدنِ نطق و تبسم ہے وہ دہنِ محترم
دُرِ مکنوں در صدف دندانِ او بُد گوئیا ۔۔۔ واں دہن گویا کہ می افشاند مروارید ہم

٥٩

لَا طِيْبَ يَعْدِلُ تُرْبًا ضَمَّ اَعْظُمَهٗ

طُوْبٰى لِمُنْتَشِقٍ مِّنْهُ وَمُلْتَثِمِ

ہے وہ خوش قسمت جو سونگھے اور بوسہ دے اُسے — بے بدل خوشبو ہے خاکِ تربتِ شاہِ امم

ہیچ بوئے خوش چو بوئے خوابگاہِ او نبود — نیک بخت آنکس کہ بوئیدست و بوسیدست ہم

٦٠

اَبَانَ مَوْلِدُهٗ عَنْ طِيْبِ عُنْصُرِهٖ

يَا طِيْبَ مُبْتَدَاٍ مِّنْهُ وَمُخْتَتَمِ

ہو گئیں ظاہر ولادت سے سب اُن کی خوبیاں — پاک اُن کی ابتدا بھی پاک اُن کا مختتم

وقتِ زادن پاکیٔ ذاتِ شریفش شد پدید — پاک بودش مبتدا و پاک بودش مختتم

٦١

يَوْمٌ تَفَرَّسَ فِيْهِ الْفُرْسُ اَنَّهُمُ

قَدْ اُنْذِرُوْا بِحُلُوْلِ الْبُؤْسِ وَالنِّقَمِ

اہلِ فارس نے سنی جوں ہی ولادت کی خبر — ہو گئے وحشت زدہ اور چھا گیا کرب و الم

اہلِ فرس آں روز دانستند کایشاں را نمود — بعد ازیں درد و ملال و خواری و رنج و نقم

٦٢

وَبَاتَ اِيْوَانُ كِسْرٰى وَهُوَ مُنْصَدِعٌ

كَشَمْلِ اَصْحَابِ كِسْرٰى غَيْرَ مُلْتَئِمِ

محلِ کسریٰ گر پڑا اور پارہ پارہ ہو گیا — منتشر سب ہو گئے کسریٰ کے ساتھی ایکدم

طاقِ کسریٰ شد خراب و کنگرِ کسریٰ شکست — در شکست احوالِ کفار و دگر نامد بہم

۶۳

وَالنَّارُ خَامِدَةُ الْاَنْفَاسِ مِنْ اَسَفٍ
عَلَيْهِ وَالنَّهْرُ سَاهِي الْعَيْنِ مِنْ سَدَمِ

آتشِ فارس نے ٹھنڈی سانس لی افسوس سے — نہر بھی چشموں کو بھولی از رہِ اندوہ و غم
آتشِ گبراں بمرداز حزن و اندوہ و ملال — چشمۂ آبِ رواں شد خشک در جوئے سدم

۶۴

وَسَاءَ سَاوَةَ اَنْ غَاضَتْ بُحَيْرَتُهَا
وَرُدَّ وَارِدُهَا بِالْغَيْظِ حِيْنَ ظَمِيْ

اہلِ ساوہ تھے پریشاں خشک چشمے دیکھکر — لوٹتے تھے گھاٹ سے غصہ میں پیاسے پُرالم
ساوہ غمگیں شد چو گشتش آب دریاچہ خشک — تشنگاں زو باز گشتند جملگے در درد و غم

۶۵

كَاَنَّ بِالنَّارِ مَا بِالْمَاءِ مِنْ بَلَلٍ
حُزْنًا وَّبِالْمَاءِ مَا بِالنَّارِ مِنْ ضَرَمِ

پانی پانی ہوگئی تھی آگ مارے رنج کے — اور پانی ہو گیا تھا آتشیں از سوز و غم
گوئیا برجائے آتش آب بودے سرد و تر — از غم و برجائے آب آتش بدے سوزان و گرم

۶۶

وَالْجِنُّ تَهْتِفُ وَالْاَنْوَارُ سَاطِعَةٌ
وَالْحَقُّ يَظْهَرُ مِنْ مَّعْنًى وَّمِنْ كَلِمِ

کی شیاطیں نے فغاں انوار بھی چمکے وہاں — نورِ حق روشن ہوا الفاظ و معنیٰ سے بہم
لشکرِ شیطاں فغاں کردہ ز اندوہ تمام — نورِ حق تاباں ز معنیٰ و کلم شد دمبدم

٦٧

عَمُوا وَصَمُّوا فَإِعْلَانُ الْبَشَائِرِ لَمْ
تُسْمَعْ وَبَارِقَةُ الْإِنْذَارِ لَمْ تُشَمِ

اندھے اور بہرے تھے سنتے کس طرح خوشخبریاں   اور کیسے دیکھتے تخویفِ برق از رنج و غم
کور و کر گشتند نشنیدند بشارت از خدا   ہم ندیدند برقِ بیم از غایتِ رنج و الم

٦٨

مِنْ بَعْدِ مَا أَخْبَرَ الْأَقْوَامَ كَاهِنُهُمْ
بِأَنَّ دِينَهُمُ الْمُعْوَجَّ لَمْ يَقُمِ

دی خبر اقوام کے سب کاہنوں نے اسطرح   دین سب باطل ہوئے اور ہو گئے سب کالعدم
پس ازاں کاخبار ایشاں کردہ بودند کاہناں   آنکہ دینِ شاں کژ است و نیست خواہد گشت ہم

٦٩

وَبَعْدَ مَا عَايَنُوا فِي الْأُفْقِ مِنْ شُهُبٍ
مُنْقَضَّةٍ وَفْقَ مَا فِي الْأَرْضِ مِنْ صَنَمِ

بعد ازاں یوں ٹوٹتے تاروں کو دیکھا چرخ پر   اور منہ کے بل گرے سب سرنگوں ہو کر صنم
دیدہ بودند ز آسماں آتش بزیر افتادہ بود   در زمیں ہم سرنگوں از خواری افتادہ صنم

٧٠

حَتَّى غَدَا عَنْ طَرِيقِ الْوَحْيِ مُنْهَزِمٌ
مِنَ الشَّيَاطِينِ يَقْفُو إِثْرَ مُنْهَزِمِ

